**26.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... نتیکا رتیاگی

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی، یروشلم میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔ اہم سمجھوتوں پر دستخط کا امکان ہے۔

☆ وزیراعظم انسٹاگرام پر، 100 ملین Followers کے ساتھ سب سے زیادہ Follow کئے جانے والے عالمی رہنما بن گئے ہیں۔

☆ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ Synthetic Content کو رضامندی کے بغیر تیار نہیں کیا جانا چاہئے۔

☆ انتخابی کمیشن نے 10 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے دو سال میں ہونے والے انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ تصادم میں دو ماؤنواز ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ بھارت نے پاکستان پر، پروپیگنڈہ پھیلانے کا الزام لگایا ہے، اُس نے زور دے کر کہا کہ جموں وکشمیر کی ترقیاتی صورتحال پاکستان کے اقتصادی مسائل کے بالکل برعکس ہے۔

☆ اور، مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں آج شام چنئی میں گروپ-ایک کے Super-8 مقابلے میں بھارت کا سامنا زمبابوے سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-ISRAEL**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے، جو اسرائیل کے دو دن کے سرکاری دورے پر ہیں، یہ بات پھر کہی ہے کہ بھارت دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں اسرائیل کے ساتھ پورے عزم کے ساتھ کھڑا ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے، اسرائیلی پارلیمنٹ Knesset سے خطاب کیا اور وہ ایسا کرنے والے پہلے بھارتی وزیرِ اعظم بن گئے ہیں۔ اپنے خطاب میں، انہوں نے زور دے کر کہا کہ دہشت گردی، امن کیلئے خطرہ ہے، چاہے یہ کہیں بھی ہو۔ انہوں نے اِس لعنت سے نمٹنے کیلئے بھارت کے مضبوط عزم و ارادے کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے بھارت کی تیزرفتار اقتصادی ترقی کو بھی اجاگر کیا اور کہا کہ ملک، دنیا کی چوٹی کی تین معیشتوں میں سے ایک بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

وزیرِ اعظم مودی کو اسرائیلی پارلیمنٹ کا اعلیٰ ترین اعزاز Speaker of Knesset Medal سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز اُنہیں دونوں ملکوں کے مابین اہم نوعیت کے تعلقات کو مستحکم کرنے میں اُن کے غیرمعمولی تعاون کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔ وہ، یہ ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے غیرملکی رہنما ہیں۔ اِس سے پہلے وزیرِ اعظم نے تل ابیب میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بن یامن نیتن یاہو سے بالمشافہ بات چیت کی۔ آج وزیرِ اعظم یروشلم میں Yad Vashem کا دورہ کرنے والے ہیں، جہاں وہ Holocaust میں مارے گئے افراد کو خراجِ عقیدت پیش کریں گے اور ایک مختصر دعائیہ جلسے میں حصہ لیں گے۔

وہ اسرائیل کے صدر Isaac Herzog سے بھی ملاقات کریں گے۔ اس کے بعد جناب نیتن یاہو کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت ہوگی، جس میں سائنس و ٹیکنالوجی، جدت طرازی، دفاع اور سلامتی، تجارت اور سرمایہ کاری اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کا احاطہ کیا جائے گا۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیرِ اعظم مودی آج بھارت روانہ ہونے سے پہلے، بھارت نژاد یہودی برادری کے ارکان سے ملاقات کریں گے۔ x

**PM-INSTRAGRAM**

وزیراعظم نریندر مودی نے انسٹاگرام پر 100 ملین فالووَرز کا تاریخی سنگ میل عبور کرلیا ہے۔ ایسا کرنے والے وہ دنیا کے پہلے عالمی رہنما اور سیاست داں ہیں۔ وزیراعظم مودی سال 2014 میں انسٹاگرام سے جڑے تھے۔ انسٹاگرام پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے فالووَرز سے دوگنی سے زیادہ تعداد میں لوگ انہیں فالو کررہے ہیں۔ ان کے فالووَرز کی تعداد اگلے پانچ بڑے عالمی رہنماؤں کے فالوورز کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے۔ وزیراعظم کے بعد، 43 ملین فالوورز کے ساتھ امریکی صدر ٹرمپ دوسرے نمبر پر ہیں۔x

**PM-HM-DM VER SAVARKAR**

وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج عظیم انقلابی مجاہد آزادی ویر ساورکر کو

اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ ویر ساورکر نے ملک کو غلامی کی زنجیروں سے آزادی دلانے کیلئے اپنی زندگی وقف کر دی۔ انہوں نے کہا کہ مجاہدِ آزادی کی شخصیت اور حصولیابیاں ملک کی خدمت کرنے کیلئے ہر نسل کو تحریک دیتی رہیں گی۔

**1105- PM on Savarkar**

وزیر داخلہ نے کہا کہ ویر ساورکر نے اپنے انقلابی نظریات کے ساتھ جدوجہد آزادی کو بنیاد فراہم کی اور بھارت سے برطانیہ تک اپنے جرأت مندانہ کارناموں سے نوجوانوں کو ترغیب دی۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ویر ساورکر کی ملک کے تئیں زبردست جرأت، بے مثال قربانی اور غیر متزلزل جذبہ، بھارت کی آزادی کی جدوجہد میں ایک شاندار باب ہے۔ ×

**AMIT SHAH-BIHAR**

وزیر داخلہ امت شاہ بہار کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ ارریہ میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ مغربی بنگال کے آئندہ اسمبلی انتخابات سے پہلے بھارتی سرزمین سے غیر قانونی طور پر آئے ہر شخص کو ہٹانے کیلئے نریندر مودی حکومت پرعزم ہے۔

**Amit Shah/ Infiltration Bihar**

وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ غیر قانونی طور پر رہ رہے لوگوں کو ہٹانا صرف ووٹر فہرستوں سے نام ہٹانے تک محدود نہیں ہوگا، بلکہ ملک سے اس کے مکمل خاتمے کی جامع مہم شامل ہوگی۔×

**VAISHNAW-CONCLAVE**

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ **Synthetic Content** اُس شخص کی رضامندی کے بغیر تیار نہیں کیا جانا چاہئے، جس کے چہرے آواز یا شخصیت کو، اُسے تیار کرنے کیلئے استعمال کیا گیا ہو۔ انہوں نے آج صبح نئی دلّی میں ایک کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب ویشنو نے کہا کہ پلیٹ فارم کو، اُن کے **Content** کی ذمہ داری لینی چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں اور بچوں کی آن لائن سلامتی پلیٹ فارمز کی ذمہ داری ہے۔

وزیر موصوف نے پلیٹ فارمس پر زور دیا کہ وہ آمدنی سے متعلق اپنی پالیسیوں پر دوبارہ غور کریں، کیونکہ معاشرے کو اس معاملے پر تشویش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پلیٹ فارمز کو منصفانہ طریقے سے اپنی آمدنی میں اُسے بھی حصہ دینا چاہئے، جو **Content** تیار کررہے ہیں۔×

**VAISHANW-RAILWAYS**

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے بھارتی ریلوے کے عہد کے حصے کے طور پر مزید دو اصلاحات کا اعلان کیا ہے اور اِس سال 52 ہفتوں میں 52 اصلاحات کرنے کی بات کہی ہے۔ قومی راجدھانی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے Rail Tech Policy پر مبنی تیسری اصلاحات کا آغاز کیا اور کہا کہ اس کا مقصد ریلوے میں بڑے پیمانے پر ٹیکنالوجی کو اختیار کئے جانے کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ریلوے کا مقصد اختراع کاروں، اسٹارٹ اپس، صنعت اور اداروں سے رابطہ قائم کرنا ہے، تاکہ ریلوے میں اختراع کو فروغ دیا جاسکے۔ جناب ویشنو نے اختراع کیلئے Rail Tech پورٹل کا بھی آغاز کیا۔×

**EC-RS POLLS**

انتخابی کمیشن نے 10 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے 2 سال میں ہونے والے انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ نامزدگی کے پرچے آج سے 5 مارچ تک داخل کئے جاسکیں گے۔ آئندہ ماہ کی 16 تاریخ کو ووٹنگ ہوگی۔ مہاراشٹر میں 7 سیٹیں، تمل ناڈو میں 6، بہار اور مغربی بنگال میں 5-5، اڈیشہ میں چار، آسام میں تین، تلنگانہ، چھتیس گڑھ اور ہریانہ میں ہر ایک میں دو اور ہماچل پردیش میں ایک سیٹ خالی ہے۔ انتخابی ادارے نے کہا ہے کہ آزادانہ اور منصفانہ چناؤ کو یقینی بنانے کیلئے مشاہدین مقرر کر کے انتخابی عمل کی قریبی نگرانی کیلئے مناسب اقدامات کئے جائیں گے۔

مرکزی وزراء رام ناتھ ٹھاکر اور رام داس اٹھاولے، راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش، NCP-SP رہنما شردپوار، RLM کے رہنما اوپیندر کشواہا، کانگریس لیڈر ابھیشیک منوسنگھوی، AIADMK کے لیڈر M Thambidurai اور DMK کے رہنما تروچی شیوا، اپریل میں ایوان بالا میں اپنی مدت کار کیلئے انتخابات لڑنے والے امیدواروں میں شامل ہیں۔×

**MAOISTS ENCOUNTER CHHATTISGARH**

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں آج حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں دو ماؤ نواز مارے گئے۔ جائے واقعہ سے تین رائفلز اور دیگر ہتھیار برآمد کئے گئے ہیں۔ ضلع کے پولیس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر جتیندر یادو نے بتایا کہ بیجاپور کے Indravati دریائی علاقے میں ماؤ نوازوں کی موجودگی کے بارے میں اطلاع موصول ہونے کے بعد حفاظتی دستوں کی ایک مشترکہ ٹیم نے تلاش کی کارروائی شروع کی۔ آپریشن کے دوران ماؤ نوازوں نے سلامتی اہلکاروں کی ٹیم پر گھات لگاکر حملہ کیا۔ اِس کے بعد حفاظتی دستوں کی جوابی کارروائی میں دو ماؤ نواز مارے گئے۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ x

## SC-NCERT 8 TEXT BOOK

8ویں کلاس کی سوشل سائنس کی ایک نصابی کتاب میں، ’عدلیہ میں بدعنوانی‘ کا ذکر کئے جانے کا، سپریم کورٹ کی جانب سے سخت نوٹس لئے جانے کے بعد، تعلیمی تحقیق و تربیت کی قومی کونسل NCERT نے، آج کہا ہے کہ اُس نے کتاب کی تقسیم پر سختی سے روک لگا دی ہے اور بقول اُس کے فیصلے کی غلطی کیلئے معافی مانگی ہے۔ پریس کیلئے جاری کئے گئے ایک بیان میں NCERT نے کہا ہے کہ کل 8ویں کلاس کیلئے سوشل سائنس کی نصابی کتاب

**Exploring Society: India and Beyond, Vol II**

منظرِ عام پر آنے کے بعد یہ پایا گیا کہ بعض نامناسب متنی مواد اور فیصلے کی غلطیاں، غیرشعوری طور پر باب نمبر چار ’’ہمارے معاشرے میں عدلیہ کا کردار‘‘ میں شامل ہوگئی ہیں۔x

## INDIA-UNHRC

بھارت نے اقوامِ متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 61ویں اجلاس میں پاکستان کو بھرپور جواب دیا ہے۔ یہ اجلاس 23 فروری کو جنیوا میں شروع ہوا ہے، جو 31 مارچ تک جاری رہے گا۔ بھارت نے پاکستان پر پروپیگنڈا پھیلانے کا الزام لگایا ہے اور کہا ہے کہ جموں و کشمیر کی ترقی کا سلسلہ، پاکستان کی اقتصادی مشکلات کے بالکل برعکس ہے۔ کل بھارت کی نمائندہ انوپما سنگھ نے پاکستان اور اسلامی تعاون کی تنظیم OIC کی جانب سے لگائے گئے الزامات کو مسترد کرنے کیلئے جواب کے حق کا استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، اِن الزامات کو یکسر مسترد کرتا ہے اور کہا کہ پاکستان کے مسلسل پروپیگنڈے سے اب بغض اور جلن کا اظہار ہورہا ہے۔ محترمہ انوپما سنگھ نے بھارت کے اِس موقف کا اعادہ کیا کہ جموں و کشمیر بھارت کا ایک اٹوٹ حصہ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ x

## IRAN-US NUCLEAR TALKS

ایران اور امریکہ کے سفارتکار تیسرے دور کی نیوکلیائی بات چیت کیلئے آج جنیوا میں ملاقات کرنے والے ہیں۔ حالانکہ واشنگٹن نے تہران کی تیل کی تجارت اور ہتھیاروں کے نیٹ ورک پر تازہ پابندیاں نافذ کی ہیں۔ ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے کہا ہے کہ وہ بات چیت سے پہلے پرامید ہیں اور انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان طویل عرصے سے چلی آرہی محاذ آرائی کے سلسلے میں اِسے ایک امکانی اہم لمحہ قرار دیا ہے۔ ایک عوامی خطاب میں انہوں نے کہا کہ بات چیت آیت اللہ علی خانہ ای کی رہنمائی میں آگے بڑھ رہی ہے اور اس کا مقصد اُس صورت حال سے آگے بڑھنا ہے، جسے انہوں نے نہ جنگ، نہ امن قرار دیا۔

ایران کے وزیر خارجہ عباس اراگچی نے کہا کہ واشنگٹن کے ساتھ معاہدہ ہونے کو ہے اور انہوں نے اسے اس معاہدے

کیلئے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔ لیکن انہوں نے محتاط کیا کہ اس کی پیش رفت سفارتکاری کو ترجیح دیئے جانے پر منحصر ہوگی۔ امریکی صدر ٹرمپ نے بھی کہا تھا کہ انہیں سفارتی حل معقول لگتا ہے۔×

**CANDA PM VISIT**

کناڈا کے وزیراعظم مارک کارنی کَل سے 2 مارچ تک بھارت کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ وزیراعظم کارنی کا بھارت کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہوگا۔ وزارتِ خارجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم کارنی اِس ماہ کی 27 تاریخ کو ممبئ پہنچیں گے۔ آئندہ دو دن وہ علیحدہ علیحدہ کاروباری رابطے کریں گے اور بھارت اور کنیڈا کے چیف ایگزیکیٹو افسران، صنعتی اور اقتصادی ماہرین، اختراع کاروں، ماہرین تعلیم کے ساتھ ساتھ بھارت میں کناڈین پنشن فنڈ کے لوگوں سے بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم کارنی یکم مارچ کو دِلی پہنچیں گے۔ اگلے دن وہ وزیراعظم مودی کے ساتھ حیدرآباد ہاؤس میں وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔×

**CRICKET T-20 WC**

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں کَل رات کولمبو کے آر پریما داسا اسٹیڈیم میں گروپ-2 کے Super Eight مقابلے میں نیوزی لینڈ نے سری لنکا کو 61 رن سے ہرادیا۔ اِس جیت کے بعد نیوزی لینڈ سیمی فائنل کے ایک قدم اور قریب پہنچ گیا ہے۔

آج گروپ 1 کے Super Eight میں احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ویسٹ انڈیز کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا، جبکہ ایک دوسرے میچ میں آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ 1 کے Super Eight میں بھارت کا مقابلہ زمبابوے سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆